سوال

(211)انگریزی برش استعمال کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دانت صاف کرنے کےلیے آج کل انگریزی بُرش کا بہت رواج ہوگیا ہے۔جس کے بالوں میں سوٴر کے بال ہونے کا بہت حدتک امکان ہے کیاایسے بُرش سے دانت صاف کرنا جائز ہے کیا ہم اس بات سے استدلال لے سکتے ہیں کہ جس طرح مردار جانور کاچمڑاپکنے کے بعد پاک ہوجاتا ہے اس طرح سوٴر کے بال بھی مشینوں میں صاف ہونے کے بعد پاک ہوسکتے ہیں اوردانت صاف کرنے کے قابل ہوسکتے ہیں۔حرام ہونے کی حیثیت سے سوٴراورمرداردونوں برابرہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

بُرش کے متعلق جس میں خنزیر کے بال ہوں۔بہت ساشبہ ہے کیونکہ علماء مختلف ہیں۔کوئی جائزکہتا ہے،کوئی ناجائزشبہ کے محل سے بچنا مناسب ہے۔ہاں خشک استعمال کرے تو اس کاچنداں حرج نہیں۔مگراحتیاط ہر صورت میں بہتر ہے۔مردارکےچمڑے پرقیاس ٹھیک نہیں کیونکہ مردار کے چمڑے کی مثال پلید کپڑے کی ہے۔جو دھونے سے پاک ہوجاتا ہے اورخنزیر کوبہت علماء نجس العین کہتے ہیں۔جیسے پائخانہ ہے ظاہر ہے کہ پائخانہ کس طرح پاک نہیں ہوتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

وضو کا بیان، ج1ص286

محدث فتویٰ